© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**نشاناتِ ارضِ قرآن**، شاہ مصباح الدین شکیل۔ ناشر: فضلی سنز لمیٹڈ، ۳/ ۵۰۷، ٹمپل روڈ، اُردو بازار، کراچی۔ صفحات: ۲۷۲۔ قیمت: درج نہیں۔

ایک سیرت نگار کی حیثیت سے، شاہ مصباح الدین شکیل کا نام محتاجِ تعارف نہیں۔ وہ اس موضوع پر ربع صدی سے تحقیق و تصنیف میں مصروف ہیں۔ ان کی سیرتِ احمد مجتبیٰ کو صدارتی اوارڈ ملا، بعدہٗ انھوں نے سیرت النبیؐ البم شائع کیا، اب اسے زیادہ بہتر صورت میں نئے نام نشاناتِ ارضِ قرآن سے پیش کیا گیا ہے۔ یہ کتاب قرآن پاک میں مذکور مختلف انبیائے کرام، ان کے متعلقہ علاقوں، مقامات، عمارتوں اور مختلف النوع آثار کا ایک خوب صورت مرقع ہے۔ اسے عکسی تصویروں کے ساتھ ساتھ، نقشوں اور دیگر دستاویزات کے ذریعے ایک دل چسپ البم کی شکل دی گئی ہے۔ آغاز حضرت آدمؑ سے ہوتا ہے۔ سری لنکا کے کوہِ آدمؑ کے بعد حضرت ہابیل کے مزار واقع دمشق، جدہ میں حضرت حوا کے مزار، عرفات اور جبلِ رحمت کے ساتھ ساتھ، جدہ کے موجودہ مناظر اور ایک سو یا سوا سو سال پہلے کی مختلف تصاویر، مسجد خیف کی تصویر (جہاں ایک روایت کے مطابق تیس سے زائد انبیا مدفون ہیں۔) اسی طرح حضرت ادریسؑ، حضرت ہودؑ، حضرت صالحؑ، حضرت ابراہیمؑ اور اس ضمن میں مطاف، بابِ کعبہ، مقامِ ابراہیم، غلافِ کعبہ، غسلِ کعبہ اور مسجد حرام سے متعلق نئی پرانی بیسیوں تصاویر شامل ہیں۔ کتاب میں حضرت لوطؑ، حضرت اسحاقؑ، حضرت اسماعیلؑ اور حضرت یعقوبؑ کے آثار و مزارات کی تصویریں اور بیت المقدس کی بہت سی تصویری جھلکیاں بھی نظر آتی ہیں، وعلیٰ ہذا القیاس۔

جناب مصباح الدین شکیل نے نئی پرانی، چھوٹی بڑی اور سادہ و رنگین نادر تصاویر کی فراہمی پر ہی اکتفا نہیں کیا، بلکہ موضوع سے متعلق تاریخی حقائق، واقعات اور ضروری تفصیلات بھی مہیا کی

© rasailojaraid.com